میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمْ وَعَمِلُواْ الصَّٰلِحَٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْـًٔا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ الْفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

اتوار، 14 ربیع الثانی، 1445ھ | 29/10/2023 | نمبر: 1445/17

پریس ریلیز

مسجد الاقصیٰ کی آزادی کے لیے افواج پاکستان کو متحرک کرنے کے لیے حزب التحریر ولایہ پاکستان کی مہم جاری ہے

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے جوہری صلاحیت کی حامل دنیا کی چھٹی سب سے بڑی فوج، پاکستان آرمی کو یہودی وجود کو صفحۂ ہستی سے ہی مٹادینے کے لیے فوری طور پر حرکت میں آنے کے لئے اپنی مہم جاری رکھی ہوئی ہے۔ بے حس، مردہ دل، اور بزدل حکومت کی دھمکیوں کو کسی خاطر میں نہ لاتے ہوئے، حزب التحریر کے شباب پورے ملک میں عوامی مقامات پر پاکستان کے مسلمانوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ حزب التحریر کے شباب، علمائے کرام سے بالخصوص اور مسلمانوں سے بالعموم یہ مطالبہ کررہے ہیں کہ وہ ان مجرم، گناہ گار حکمرانوں سے کسی ڈر و خوف کے بغیر حزب التحریر کی اس مہم کا ساتھ دیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے، ﴿**أَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَوْهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ**﴾ **"کیا تم ان سے ڈرتے ہو؟ اللہ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو، اگر تم ایمان رکھتے ہو۔"**(التوبۃ، 9:13)۔ بے شک، امت دنیا میں اپنے مقصد کو پانے کے لئے بیدار ہو چکی ہے اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اذن سے اب دوبارہ غفلت کی نیند نہیں سوئے گی۔ پس چاہیئے کہ یہ امت اب اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رضا کے لیے آگے بڑھے، تاکہ وہ پوری انسانیت کو حق کی طرف لے جائے، جیسا کہ اس امت نے یہ کام پہلے بھی کئی صدیوں تک کیا تھا۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان، غالب مغربی طاقتوں پر مشتمل نام نہاد "بین الاقوامی برادری" سے حکمرانوں کی اپیلوں کی مذمت کرتی ہے۔ یہ وہی مغربی استعماری ریاستیں ہیں جنھوں نے سب سے پہلے فلسطین پر یہودیوں کا قبضہ قائم کیا۔ مغربی استعمار اب صیہونی دہشت گردوں کو ہتھیار اور فنڈ فراہم کررہا ہے جب وہ غزہ کے بچوں کو انہی کے گھروں تلے زندہ گاڑ رہے ہیں۔ حزب التحریر مغربی طاقتوں کے ساتھ ہر طرح کے اتحاد کے خاتمے اور ان کے غیر منصفانہ ورلڈ آرڈر کو مسترد کرنے کا مطالبہ کرتی ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، ﴿**إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ**

ویب: www.hizb-pakistan.com | انسٹا گرام: https://instagram.com/HTmediaPK | ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK1 | ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
حزب التحریر انٹرنیشنل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info

قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَنْ تَوَلَّوْهُمْ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ﴾ **"اللہ ان لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی۔ تو جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں"**۔(الممتحنہ،60:9)

حزب التحریر ولایہ پاکستان مسلم دنیا کے تمام حکمرانوں کی مذمت کرتی ہے جنہوں نے مسلمانوں کی فوجوں کو بیرکوں میں ہی روکے رکھ کر اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ یہی حکمران ہی یہودی وجود کے محافظ ہیں۔ حالانکہ جب بھی ان کے مغربی آقا انہیں حکم دیتے ہیں تو یہ حکمران پوری دنیا میں اپنی مسلم افواج روانہ کر دیتے ہیں۔ اس سے پہلے کہ امت ان حکمرانوں کو جا دبوچے اور اسلام کی حکمرانی کا نفاذ کر دے، ان شاء اللہ، یہ ان حکمرانوں کی طرف سے کی جانے والی آخری غداری ہو گی۔ بے شک رسول اللہ ﷺ نے جابرانہ حکومت کے بعد نبوت کے نقش قدم پر خلافت کی واپسی کی بشارت دی تھی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، «**ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا جَبْرِيَّةً فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةً عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ**» **"پھر جابرانہ حکمرانی ہو گی اور یہ تب تک رہے گی جب تک اللہ چاہے گا، پھر اللہ تعالیٰ اسے اٹھا لے گا، پھر نبوت کے نقش قدم پر خلافت قائم ہو گی"**۔(احمد)

حزب التحریر ولایہ پاکستان فوجی افسران کو پکار رہی ہے کہ وہ مسجد الاقصیٰ کی آزادی کے لیے حرکت میں آئیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، ﴿**وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ**﴾ **"اور اگر وہ دین میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر ان کی مدد کرنا واجب ہے"**۔(الانفال،8:72)۔ حزب التحریر ہر ایک آفیسر کو یہ یاددہانی کراتی ہے کہ وہ اکیلے نہیں ہیں بلکہ اللہ عزوجل کی ذاتِ مبارکہ ان کے ساتھ ہے اور وہی ان کا حامی و ناصر ہے، جبکہ پوری امت اسلامیہ ان کا ساتھ دے گی۔ افسران کو چاہیے کہ وہ اپنے راستے میں آنے والی کسی بھی رکاوٹ کو روندتے ہوئے، جنگ کے میدان میں سب سے پہلے کود پڑنے کا شرف حاصل کریں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے، ﴿**إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَإِنْ يَخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ بَعْدِهِ وَعَلَى اللهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ**﴾ **"اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو کوئی تم پر غالب نہیں آسکتا اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو پھر ایسا کون ہے جو تمہاری مدد کرے اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے"**۔(آل عمران،3:160)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس